# TRADING CHART PATTERNS

in اردو



Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

# ٹریڈرز کیلیئے 10 مفید مشورے

1: کرپٹو کرنسی ایک رسکی مارکیٹ ہے اس لیئے جب تک آپ تجربہ کار ٹریڈر نہ بن جائیں تب تک اپنی انوسٹمنٹ کم سے کم رکھیں

2: اگر آپ نے کوئی پروجیکٹ لمبے عرصہ کے لئے ہولڈ کیا ہوا ہے تو اسے لازمی طور پر کسی اچھے والٹ میں رکھنے کی کوشش کریں

3: کسی بھی پروجیکٹ میں انوسٹمنٹ سے پہلے اس کی اچھی طرح جانچ پڑتال کرنا انتہائی ضروری ہے

4: مارکیٹ میں کوئی بھی ٹریڈ لینے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ یہ ٹریڈ آپ کس حکمت عملی کے تحت لے رہے ہیں اور کون کون سی باتیں اس میں ضروری ہیں

5: ٹریڈ لیتے وقت کبھی بھی لالچ یا خوف میں نہ آئیں، ہمیشہ اپنے پرافٹ یا لوث پر سختی سے عمل درآمد کریں

6: اپنی ساری انوسٹمنٹ کبھی بھی ایک پروجیکٹ میں انوسٹ مت کریں

7: ٹریڈ لیتے وقت لیوریج کم سے کم رکھیں اور اپنے کیپیٹل کا ایک ٹریڈ میں 2٪ سے زیادہ لگانے سے گریز کریں

8: ٹریڈ کرتے وقت ہمیشہ اپنے جذبات پر قابو رکھیں اور کسی قسم کے فومو میں مت آئیں

9: اگر آپ مارکیٹ میں نئے ہیں تو کسی تجربہ کار اور با اعتماد بندہ سے سیکھنا آپ کیلیئے فائدہ مند ثابت ہو گا


10: اگر کوئی بھی آپ کو کسی قسم کا لالچ دیتا ہے تو اسے فوری بلاک کریں اور کسی بھی غیر ضروری لنک پر کلک کرنے سے اجتناب کریں

Scanned with CamScanner


Scanned with CamScanner



ادھی کینڈلز قیمت کے کسی ایک
طرف بریک آوٹ کی نشان دہی
کرتی ہیں




بلش انگلفنگ مارکیٹ میں
خریدنے والوں میں اضافے کو
ظاہر کرتا ہے



بیرش انگلفنگ مارکیٹ میں
بیچنے والوں میں اضافے کو
ظاہر کرتا ہے




ہیمنگ مین اپ ٹرینڈ کی چھوٹی پر بنتا ہے
اور یہ نشاندہی کرتا ہے کہ خریدنے والے
مارکیٹ میں اپنا کنٹرول کھو رہے ہیں اور
جلد ہی ٹرینڈ ریورس ہونے والا ہے




ایوننگ سٹار تین کینڈلز پر مشتمل ہوتا
ہے جس میں درمیان کی ڈوجی بنتی ہے
یہ بیرش ٹرینڈ کے ریورسل کو ظاہر کرتا ہے




ایوننگ سٹار تین کینڈلز پر مشتمل ہوتا
ہے جس میں درمیان کی ڈوجی بنتی ہے
یہ بلش ٹرینڈ کے ریورسل کو ظاہر کرتا ہے



شوٹنگ سٹار ٹرینڈ کی چھوٹی پر بنتا ہے اور
یہ قیمت گرنے کی نشان دہی کرتا ہے



پیرسنگ پیٹرن ٹرینڈ کے نچلے حصہ میں
بنتا ہے اور یہ قیمت کے جلد ریورسل
کی نشاندہی کرتا ہے




انورس ہیمر ظاہر کرتا ہے کہ مارکیٹ
میں خریدنے والوں کا پریشر بڑھ رہا
ہے اور بیچنے والے کم ہو رہے ہیں



تھری وائٹ سولجرز اپ ٹرینڈ کو ظاہر
کرتا ہے۔ یہ بتاتا ہے کہ مارکیٹ میں
خریدنے والو کی تعداد میں بہت زیادہ
اضافہ ہوا ہے




تھری بلیک کراؤز پیٹرن مارکیٹ میں
ایک مضبوط ریورسل ٹرینڈ کو ظاہر
کرتا ہے



سپننگ ٹاپ مارکیٹ کے کسی ایک
طرف جلد بریک آوٹ کو ظاہر
کرتا ہے

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مارکیٹ کا ٹرینڈ (بیرش) سے(بلش)ہونے والا ہے۔ اس پیٹرن میں قیمت اپنی مضبوط سپورٹ سے اوپر جا کر پھر گرتی ہے اور پھر سپورٹ سے اوپر کی طرف ایک بڑا موو لیتی ہے۔یہ پیٹرن ڈبلیو کی شکل بناتا ہے۔




1 : ڈبلیوپیٹرن سے پہلے مارکیٹ کا نیچے کی طرف ٹرینڈ ہونا ضروری ہے


2 : اس پیٹرن کیلئے ضروری ہے کہ قیمت نے دو بار اپنی مضبوط سپورٹ کو چھوا ہو

3 : جب خریدنے والے مارکیٹ کو اوپر لے جاتے ہیں تو بیچنے والے دوبارہ مارکیٹ کی قیمت کو جس پوائنٹ سے نیچے لاتے ہیں اسے ہم نیک لائن کہتے ہیں

4 : سپورٹ اور نیک لائن کا درمیانی فاصلہ ہمارا ٹارگٹ ہوتا ہے

5 : سٹاپ لوث ہمیشہ لوئر لو کے تھوڑا سا نیچے رکھا جاتا ہے

Scanned with CamScanner




جب مارکیٹ ایک ریزسٹنس سے ٹکرانے کے بعد تھوڑی سی کوریکشن لے اور پھر اسی ریزسٹنس سے دوبارہ ٹکرا کر واپس نیک لائن پر آ جائے تو ہم اسے ڈبل ٹاپ کہتے ہیں۔ یہ انگلش کے لفظ ایم کی شکل بناتا ہے۔ اس کی پہچان کرنی بہت آسان ہوتی ہے




1 : ڈبل ٹاپ ہمیشہ وہاں بنتا ہے جہاں مضبوط ریزسٹنس ہو اور بیچنے والوں کا دباؤ خریدنے والوں سے زیادہ ہو۔

2 : ڈبل ٹاپ کی یقین دہانی کیلئے ضروری ہے کہ مخصوص کوائن/پروجیکٹ پیٹرن بنانے سے پہلے اپ ٹرینڈ میں چل رہا ہو


3 : ڈبل ٹاپ اور نیک لائن کے درمیان کے فاصلے کے برابر آپ ٹارگٹ لگا سکتے ہیں

4 : سٹاپ لوث ہائیر ہائی کے اوپر یا تناسب 1:2 سے رکھا جا سکتا ہے

5 : اپنا کیپیٹل 2٪ سے زیادہ لگانے سے گریز کریں

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner





اس پیٹرن میں قیمت تین بار اپنے مضبوط ریزسٹنس سے واپس گرتی ہے اور پھر نیک لائن سے نیچے جانے کے بعد اپنا ٹرینڈ تبدیل کر دیتی ہے۔ اپنے مضبوط ریزسٹنس سے نیچے گرتے وقت جس ایک پوائنٹ سے دو/تین بار قیمت واپس جاتی ہے اسے ہم نیک لائن کہتے ہیں۔




1: اس پیٹرن کیلئے ضروری ہے کہ مارکیٹ کا موجودہ ٹرینڈ (بلش) ہو
2: چارٹ پیٹرن کے اوپر کی طرف ایک لائن کھینچیں جو تینوں ٹاپس کو ٹچ کرتی ہو
3: نیچے کی طرف ایک نیک لائن ڈرا کریں جو تمام (سونگ لوز) کو جوڑتی ہو
4: اس پیٹرن میں صحیح انٹری تب ہی بنتی ہے جب نیک لائن کا بڑی کینڈل کے ساتھ اچھے والیم سے بریک آؤٹ ہو
5: اس کا سٹاپ لوس ٹرینڈ لائن کے تھوڑا سا اوپر آئے گا
6: نیک لائن اور ریزسٹنس کا درمیانی فاصلہ یا جہاں سے یہ ویو شروع ہوئی تھی وہ پوائنٹ اس پیٹرن کا ٹارگٹ رکھا جا سکتا ہے

Scanned with CamScanner
Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن ٹرینڈ کے تسلسل کو ظاہر کرتا ہے۔یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مارکیٹ کا اوپر/نیچے کی طرف رجحان برقرار رہے گا۔یہ بنیادی طور پر پانچ ویوز پر مشتمل ہوتا ہے




1 : ویوز(اے) مارکیٹ کے رجحان کو ظاہر کرتی ہے

2 : ویو (بی) لازمی طور پر ویو (اے) کے اوپرلے اور نچلے حصے کے درمیان ہونی چاہیے۔

3 : ویوز (سی )ویوز (بی)کے اوپر اور نیچے کے حصے کے اندر ہونی چاہیے

4 : ویوز (ڈی) بریک آوٹ ویو ہوتی ہے۔


5 : جبکہ ویوز (ای) نتیجتاً ویوز ہوتی ہے۔

6 : اس کا سٹاپ لوث ہمیشہ ویو (بی) کے نیچے ہوتا ہے۔

7 : اس کا پرافٹ ویو( اے) کے اوپر ہونا چاہیے جبکہ دوسرا پروفٹ تناسب 1:2 یا اس سے زیادہ رکھا جا سکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




اس پیٹرن میں کینڈلز چاہے کے کپ کی شکل میں چارٹ کا نچلا حصہ بناتی ہیں۔ اس کے بعد قیمت چاہے کے ہینڈل کی شکل میں موو لیتی ہے۔
جس کی وجہ سے کوائن/پروڈکٹ کی قیمت آہستہ آہستہ گرتی ہے
اور پھر ہینڈل کا بریک آؤٹ ہونے کے بعد قیمت میں ایک بڑا موو آتا ہے




1 : ہینڈل کی شکل میں نیچے کی طرف چھوٹا موو ایک بڑے اوپر کی طرف موو کی پیش گوہی کرتا ہے۔ بڑے موو کو پکڑنے کیلئے ہمیشہ تیار رہیں۔

2 : اس پیٹرن میں انٹری ہمیشہ ہینڈل کے بریک آوٹ پر لینی ہے


3 : کپ کے اندر کی گہرائی کو کاپی کر کے ہینڈل کے اوپر پیسٹ کر دیں تو یہ ٹارگٹ بنتا ہے

4 : ہینڈل کے (لو) کے نیچے سٹاپ لوث آ جائے گا

5 : یہ ایک ٹرینڈ تبدیل کرنے والا پیٹرن ہے

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن مارکیٹ میں قیمت کے تسلسل کو ظاہر کرتا ہے ۔ یہ بنیادی طور پر دو ویوز پر مشتمل ہوتا ہے جو مل کر ایک جھنڈے کی شکل بناتی ہیں۔ یہ پیٹرن نشاندہی کرتا ہے کہ موجودہ مارکیٹ کا تسلسل برقرار رہے گا۔یہ فلیگ اور پول پر مشتمل ہوتا ہے۔




1: اس کی پہچان کرنی بہت آسان ہوتی ہے

2: یہ دو ویوز پر مشتمل ہوتا ہے جس میں ایک ویو مارکیٹ میں تیزی جبکہ دوسری ویو مارکیٹ میں کریکشن کو ظاہر کرتی ہے

3: چینل کا بریک آؤٹ جب بڑی کینڈل سے ہو تو تب اس میں انٹری لینی چاہیے۔


4: اس کا سٹاپ لوث جھنڈے کے نچلے حصے کے قریب ہونا چاہیے۔


5: اس کا پرافٹ قیمت کے آخری اوپر والے حصے کے اوپر ہوتا ہے

6: یا جتنی پول کی لمبائی ہو اتنا پرافٹ بھی رکھا جاتا ہے


Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




جیسا کے نام سے ظاہر ہے ،، ہیڈ اینڈ شولڈرز پیٹرن ،،ایک ہیڈ اور دو شولڈرز پر مشتمل ہوتا ہے ۔ بنیادی طور پر اس میں دو چھوٹے موز آتے ہیں جنہیں ہم شولڈرز کہتے ہیں۔ جو قیمت میں بڑا مووآتا ہے اسے ہم ہیڈ کہتے ہیں




1 : قیمت میں تین واضح موز ہونے چاہئیں

2 : ہیڈ اینڈ شولڈرز پیٹرن اکثر ٹرینڈ بدلتے وقت واقع ہوتا ہے


3 : انٹری ہمیشہ نیک لائن کے بریک آوٹ کے بعد ری ٹیسٹ پر لینی ہے

4 : اس کا ٹارگٹ نیک لائن سے ہیڈ تک کا فاصلہ کاپی پیسٹ یا کم از کم تناسب 1:2 سے رکھ سکتے ہیں


5 : اس کا سٹاپ لوث ہمیشہ شولڈر کے تھوڑا سا اوپر آئے گا

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن مارکیٹ کی واپسی کی نشاندہی کرتا ہے۔یہ پیٹرن ہمیں بتاتا ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ مارکیٹ میں خریدنے والوں کی کمی ہو رہی ہے۔اس پیٹرن میں پہلے قیمت میں ایک بڑا اوتار چڑاوَ آتا ہے پھر اس سے چھوٹا پھر اس سے بھی چھوٹا یہاں تک کے کینڈلز کا نیچے کی طرف بریک آوٹ ہو جاتا ہے




1 : سب سے پہلے اس میں دو ٹرینڈ لائن کھینچی جاتی ہیں جس میں ایک ٹرینڈ لائن کینڈلز کی (لوز) جبکہ دوسری ٹرینڈ لائن (ہائز) کو جوڑتی ہے


2 : اس کے بعد انٹری کیلئے پیٹرن کے نیچے کی طرف بریک آوٹ کا انتظار کرناچاہیے

3 : جب تک مارکیٹ کا بریک آوٹ نا ہو جائے تب تک مارکیٹ( ہائیر ہائیز) بناتی رہتی ہے

4 : سٹاپ لوث قیمت کے آخری ہائی کے اوپر آتا ہے

5 : اسکا پرافٹ پہلے ہائی کی پیائش کے برابر ہوتا ہے

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن مارکیٹ کی (بلش) ہونے کی نشاندہی کرتا ہے۔یہ پیٹرن ہمیں بتاتا ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ مارکیٹ میں بیچنے والوں کی کمی ہو رہی ہے۔

اس پیٹرن میں پہلے قیمت میں ایک بڑا اوتار چڑھاؤ آتا ہے پھر اس سے چھوٹا پھر اس سے بھی چھوٹا یہاں تک کے کینڈلز کا اوپر کی طرف بریک آؤٹ ہو جاتا ہے



1 : سب سے پہلے اس میں دو ٹرینڈ لائن کھینچی جاتی ہیں جس میں ایک ٹرینڈ لائن کینڈلز کی (لوز) جبکہ دوسری ٹرینڈ لائن (ہائز) کو جوڑتی ہے


2 : اس کے بعد انٹری کیلئے پیٹرن کے اوپر کی طرف بریک آؤٹ کا انتظار کرناچاہیے

3 : جب تک مارکیٹ کا بریک آؤٹ نا ہو جائے تب تک مارکیٹ( لوئیرلوز) بناتی رہتی ہے


4 : سٹاپ لوث قیمت کے (آخرلوئیرلو) کے نیچے آتا ہے

5 : اسکا پرافٹ پہلی( لو) کی پیمائش کے برابر ہوتا ہے

Scanned with CamScanner
Scanned with CamScanner




یہ ایک ریورسل چارٹ پیٹرن ہے جو مارکیٹ میں ڈائمنڈ کی شکل میں پیٹرن بناتا ہے۔یہ ظاہر کرتا ہے کہ مارکیٹ ایک خاص رینج میں ٹریڈ کر رہی ہے اور آنے والے کچھ وقت میں بریک آؤٹ کے بعد ایک بڑا موو دیکھنے کو مل سکتا ہے۔




1 : ڈائمنڈ پیٹرن سامنے سے چار اطراف پر مشتمل ہوتا ہے جنہیں ٹرینڈ لائن سے ملا کر ڈائمنڈ کی طرح کا پیٹرن بنایا جاتا ہے

2 : غلط بریک آؤٹ سے بچنے کیلئے بڑی کینڈل کے ساتھ انٹری سب سے مناسب ہے


3 : سٹاپ لوث نچلے لو کے تھوڑا سا نیچے آئے گا

4 : اس پیٹرن کے ہائی اور لو کے درمیانی فاصلے کے برابر پرافٹ ٹارگٹ ہو گا

5 : باقی پیٹرن کی نسبت یہ زیادہ رسکی ہے اس لیئے 2% سے زیادہ کیپیٹل سے گریز کریں

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن قیمت میں واپسی یا تسلسل کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر یہ پیٹرن ٹرینڈ کے درمیان بن جائے تو یہ ٹرینڈ کے تسلسل کے برقرار رہنے کی پیش گوئی کرتا ہے، اور اگر یہیں پیٹرن مارکیٹ کے نیچے یا اوپر کی چھوٹی پر بن جائے تو یہ اس پوائنٹ سے مارکیٹ کے ریورسل کی پیش گوئی کرتا ہے



1 : اس پیٹرن میں قیمت کم از کم دو یا اس سے زیادہ ویوز بناتی ہیں ہر ویو کا لو پچھلی ویو کے لو اوپر ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کے مارکیٹ کا اوپر کی طرف بریک آؤٹ ہو جاتا ہے

2 : اگر بریک آؤٹ اچھے والیم سے ہو تو یہ انٹری کا مناسب موقع ہوتا ہے


3 : اس پیٹرن میں موجود گیپ کے بڑے حصے کے برابر کا ہمارا پرافٹ ہوتا ہے

4 : اس چارٹ پیٹرن میں سٹاپ لوث آخری سونگ لو یعنی ویو کے نیچے ہوتا ہے


5 : اگرچہ یہ ایک آسان پیٹرن ہے مگر اس کو روزانہ مارکیٹ میں ڈھونڈنا مشکل ہے

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن قیمت میں واپسی یا تسلسل کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر یہ پیٹرن واپسی کے ٹرینڈ میں بن جائے تو یہ واپسی کے تسلسل کو ظاہر کرتا ہے، اور اگر یہ اپ ٹرینڈ کی چھوٹی پر بن جائے تو یہ ٹرینڈ کے خاتمے کو ظاہر کرتا ہے۔




1 : اس پیٹرن میں قیمت کم از کم دو یا اس سے زیادہ ویوز بناتی ہیں ہر ویو کا سائز پچھلی ویو سے چھوٹا ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کے مارکیٹ کا نیچے کی طرف بریک آؤٹ ہو جاتا ہے

2 : اگر بریک آؤٹ اچھے والیم سے ہو تو یہ انٹری کا مناسب موقع ہوتا ہے


3 : اس پیٹرن میں موجود گیپ کے بڑے حصے کے برابر کا ہمارا پرافٹ ہوتا ہے

4 : اس چارٹ پیٹرن میں سٹاپ لوث آخری سونگ ہائی یعنی ویو کے اوپر ہوتا ہے


5 : اگرچہ یہ ایک آسان پیٹرن ہے مگر اس مگر اس کو روزانہ مارکیٹ میں ڈھونڈنا مشکل ہے

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




یہ پیٹرن بھی مارکیٹ میں تسلسل کی برقراری یا اس کی واپسی کی نشاندہی کرتا ہے اس پیٹرن کے اندر مارکیٹ (سائیڈوے)میں چلتی ہے اور مارکیٹ کی ہر اگلی ویو کاسائز پچھلی ویو کے سائز سے چھوٹا ہوتا ہے،اور یہ تب تک چلتی ہے جب تک مارکیٹ کا اوپر یا نیچے کی طرف بریک آؤٹ نہ ہو جائے۔




1 : اس پیٹرن کے بریک آؤٹ کے بعد مارکیٹ فیصلہ کرتی ہے کہ اس نے کس طرف جانا ہے

2 : یہ پیٹرن خریدنے والوں اور بیچنے والوں کے درمیان ٹکراؤ ہے اس لیئے اس کا بریک آؤٹ کسی طرف بھی ممکن ہے


3 : اس پیٹرن کو دو ٹرینڈ لائن سے جوڑا جاتا ہے جس میں ایک ٹرینڈ لائن سپورٹس جبکہ دوسری ٹرینڈ لائن ریزسٹنس کو آپس میں جوڑتی ہے

4 : اس کا پرافٹ پہلی ویو کے سائز کے برابر ہوتا ہے

5 : اسکا سٹاپ لوث دوسری ویو کے اوپر آتا ہے

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner




اس پیٹرن میں دو پیرالل ٹرینڈ لائنز قیمت کے لوور لوز اور لوور ہائیز کو ملاتی ہوئی نیچے کی طرف بیرش چینل بناتی ہیں۔ اس پیٹرن میں ہر ویو دوسری ویو سے نیچے چلتی جاتی ہے یہاں تک کے اس کی آخری ویو ٹرینڈ لائن کے اوپر کی طرف اس چینل کا بریک آوٹ کر دیتی ہے،اور یہاں سے مارکیٹ کا موجودہ ٹرینڈ ریورس ہو جاتا ہے۔



1 : اس پیٹرن میں کم از کم تین( لوور لوز) ہونی ضروری ہیں

2 : اس پیٹرن کیلئے ضروری ہے کوئی بھی کینڈل ٹرینڈ لائن سے باہر بند نہ ہوئی ہو

3 : اس پیٹرن کو بڑے ٹائم فریم میں استعمال کرنا زیادہ مناسب ہے

4: اس کا سٹاپ لوث قیمت کے آخری لو کے نیچے آتا ہے

5 : اس کا پرافٹ چینل کے پہلے ہائی کے برابر رکھا جا سکتا ہے

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

# TRADING
# **CHART PATTERNS**

in اردو

## MISSION

As Pakistan is the 6th largest country in world having most people used crypto services, so we want all Pakistani,s to be pro traders & having knowledge about crypto in their own local language urdu

Written by:
Maher Abdullah

Mobile: 0300-5007638
Add: Sahiwal Punjab, Pakistan

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner